## سوال

غسل کے فرائض

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غسل کے کتنے فرائض ہیں اور کون کون سے ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضوء واستنجاء، سر پر تین اوک ڈال کر بالوں کی جڑوں کو تر کرنا، سارے بدن کو دھونا۔

غسل جنابت کا طریقہ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غسل کا ارادہ فرمایا تو سب سے پہلے دونوں ہاتھ دھوئے پھر شرمگاہ کو دھویا۔ پھر بایاں ہاتھ جس سے شرمگاہ کو دھویا تھا زمین پر رگڑا پھر اس کو دھویا پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا پھر چہرہ دھویا پھر کہنیوں تک ہاتھ دھوئے۔ پھر سر پر پانی ڈالا اور بالوں کی جڑوں تک پانی پہنچایا تین بار سر پر پانی ڈالا۔ پھر تمام بدن پر پانی ڈالا پھر جہاں آپ نے غسل کیا تھا اس جگہ سے ہٹ کر پاؤں دھوئے۔ (بخاری۔ الغسل۔ باب الوضوء قبل الغسل)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل

## غسل کا بیان ج1ص92